Summit Bank

Committed to you

# NOTICE OF THE EXTRAORDINARY GENERAL MEETING OF THE SHAREHOLDERS OF SUMMIT BANK LIMITED

Summit Bank
Committed to you

# NOTICE OF THE EXTRAORDINARY GENERAL MEETING OF THE SHAREHOLDERS OF SUMMIT BANK LIMITED

NOTICE is hereby given that an Extraordinary General Meeting **("EOGM"**) of the Shareholders (the "**Shareholders**") of Summit Bank Limited (the **"Bank"**) will be held on Monday, January 09, 2023 at 12:00 p.m. at Serena Hotel, Islamabad to transact the following business:

## AGENDA

**Ordinary Business:**

1. To confirm the minutes of the Adjourned Extraordinary General Meeting of the Bank held on June 08, 2022.

**Special Business:**

2. To consider and if thought fit, to pass with or without modification, the following resolution as Special Resolution:

**WHEREAS** the Board of Directors of Summit Bank Limited (the **"Bank"**) passed a resolution in their meeting held on December 13, 2022 (**"Board Meeting"**) approving an amendment to the Share Subscription Agreement executed between His Excellency Nasser Abdulla Hussain Lootah (the **"Acquirer"**) and the Bank dated October 4, 2021 (**"Share Subscription Agreement"**) for the proposed acquisition of the majority shareholding and control of the Bank, to reflect that the Acquirer shall now subscribe to 3,984,063,745 (Three Billion Nine Hundred Eighty-Four Million Sixty-Three Thousand Seven Hundred Forty-Five) new ordinary shares of the Bank by way of other than rights at the unchanged subscription price of PKR 2.51/- (Pakistani Rupees Two and Fifty-One Paisas) per share, subject to requisite corporate and regulatory approvals, enabling the Acquirer to become the majority shareholder and acquire management control of the Bank.

In this regard, an Amendment Agreement to the Share Subscription Agreement has been executed between the Acquirer and the Bank (**"Amendment Agreement"**).

**NOW, THEREFORE, IT IS RESOLVED THAT** the special resolution(s) passed earlier by the shareholders of the Bank (**"Shareholders"**) in the 14th (Adjourned) Annual General Meeting held on November 11, 2021, whereby the Shareholders approved the issuance of shares by way of other than rights to be subscribed by the Acquirer and the minority shareholders of the Bank at the discounted rate of PKR 2.51/- (Rupees Two and Fifty-One Paisas Only), shall hereby stand revised to the extent that the Acquirer shall now subscribe to 3,984,063,745 (Three Billion Nine Hundred Eighty-Four Million Sixty-Three Thousand Seven Hundred Forty-Five) new ordinary shares of the Bank and shall become the majority shareholder and acquire management control of the Bank immediately subsequent to completion of the process of subscription of the shares, subject to all applicable corporate and regulatory approvals (the **"Capital Injection"**) and the Share Subscription Agreement shall stand amended in terms of the Amendment Agreement to reflect the Capital Injection.

**FURTHER RESOLVED THAT** the President and Chief Executive Officer and / or the Company Secretary of the Bank (**"Authorised Signatories"**), be and are hereby jointly and / or severally authorized, to take all steps necessary, ancillary and incidental for the completion of the Capital Injection, including but not limited to obtaining all requisite regulatory approvals and preparing, executing and delivering any related document including, inter alia, any instruments, agreements, letters, applications, approvals, notices, certificates, acknowledgements, receipts, resolutions, authorizations, instructions, releases, waivers, appointments as may in the opinion and discretion of the Authorised Signatories be necessary, desirable or ancillary for the purpose of giving effect to the Capital Injection and the Amendment Agreement.

**Other Business:**

3. To transact any other business with the permission of the chair.

By order of the Board

Place: Karachi
Date: December 19, 2022

Syed Muhammad Talib Raza
Company Secretary

**Notes:**

1. The share transfer books of the Bank will be closed from January 02, 2023 to January 09, 2023 (both days inclusive). Transfers received by our Shares Registrar, M/s. THK Associates (Private) Limited, 32-C, Jami Commercial Street No.II, D.H.A, Phase VII, Karachi at the close of business i.e. December 30, 2022 shall be treated in time for the purpose of entitlement to attend the said EOGM.

2. A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his / her proxy to attend, speak and vote on his / her behalf. A corporation being a member may appoint as its proxy any of its official or any other person whether a member of the Bank or otherwise.

3. An instrument of proxy and Power of Attorney or other authority (if any) under which it is signed or notarized, copy of such Power of Attorney must be valid and deposited with the Share Registrar of the Bank, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, 32-C, Jami Commercial Street No.II, D.H.A, Phase VII, Karachi duly stamped, signed and witnessed not less than 48 hours before the time of the meeting.

4. Members are requested to notify any change in their addresses immediately.

5. In accordance with Securities & Exchange Commission of Pakistan's (**"SECP"**) directives, it is mandatory for all the shareholders to have their valid Computerized National Identity Card (**"CNIC"**) number recorded with the Bank. Members who have not yet submitted photocopies of their CNICs to the Registrar are requested once again to submit a valid attested copy of their CNICs with our Share Registrar, M/s. THK Associates (Pvt.) Ltd.

6. Those shareholders whose shares are deposited with the Central Depository Company of Pakistan Limited (**"CDC"**) are requested to bring their original CNIC along with the participant ID number and their account/sub-account numbers in CDC to facilitate identification at the time of the EOGM. In case of proxy, attested copies of proxy CNIC or passport, Account and Participant ID number must be deposited along with the Form of Proxy with our Share Registrar. In case of proxy for corporate members, the Board of Directors' Resolution / Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the meeting unless it has been provided earlier to the Share Registrar.

7. Shareholders having physical scrip of shares are requested to promptly notify change in their postal address and / or email address if any, to our Share Registrar, in writing, whereas CDC account holders are requested to contact their CDC Participant / CDC Account Services.

8. As per Section 134 of the Companies Act, 2017 (**"Companies Act"**), on a poll, members can exercise their right to vote either personally or through video-link or by proxy or through postal ballot in a manner and subject to the conditions as may be specified.

   **For Attending the Meeting:**

   i. In case of individuals, the account holders or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Central Depository Company of Pakistan Limited Regulations (**"CDC Regulations"**), shall authenticate his / her identity by showing his / her original CNIC or original passport at the time of attending the Meeting.

   ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' Resolution / Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

   **For Appointing of Proxies:**

   i. In case of individuals, the accountholder or sub-accountholder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

   ii. The proxy form shall be witnessed by the two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

   iii. Attested copy of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

   iv. The proxy shall produce his/her original CNIC or passport at the time of the meeting.

   v. In case of corporate entity, the Board of Directors Resolution / Power of Attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form of the Bank.

9. A Proxy Form, both in English and Urdu language, is being separately sent to the members, along with this Notice of EOGM.

10. In accordance with Section 134 of the Companies Act, members holding 10% or more shareholding in the paid-up capital of the Bank residing in a city, may demand the Bank to provide them the facility of video-link to attend the EOGM.

11. As per Section 72 of the Companies Act, every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Companies Act, i.e., May 30, 2017.

    The Shareholders having physical shareholding are encouraged to open CDC sub-account with any of the brokers or Investor Account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form, this will facilitate them in many ways, including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange.

12. Shareholders who could not collect their dividend / physical shares are advised to contact our Share Registrar to collect/enquire about their unclaimed dividend or shares, if any. In compliance with Section 244 of the Companies Act, after having completed the stipulated procedure, all such dividend and shares outstanding for a period of three (3) years or more from the date due and payable shall be deposited to the credit of the Federal Government in case of unclaimed dividend and in case of shares, shall be delivered to the SECP.

13. Copies of the Notice of EOGM and the latest annual audited/quarterly financial statements of the Bank have been kept at the Registered Office of the Bank which can be obtained and / or inspected during the business hours on any working day from the date of publication of this Notice till the conclusion of the EOGM by the members and other persons entitled to attend the meeting. Notice of the EOGM and the latest annual audited/quarterly financial statements have further been placed on the website of the Bank: www.summitbank.com.pk.

14. As per Section 223 of the Companies Act, the Annual Audited Financial Statements of a company may be circulated by post or electronically to its members.

    However, Shareholders who wish to receive the hard copy of the Annual Audited Financial Statements shall have to fill out the 'Standard Request Form' available on the Bank's website and send to us at the given addresses.

**Statement of Material Fact under Section 134 (3) of the Companies Act relating to Special Business**

**Agenda Item No. 2**

In order to facilitate Summit Bank Limited (the **"Bank"**) in increasing its paid-up capital, His Excellency Nasser Abdulla Hussain Lootah (the **"Acquirer"**) had earlier conveyed his intention for fresh equity injection in the Bank by subscribing 5,976,095,618 (Five Billion Nine Hundred Seventy-Six Million Ninety-Five Thousand Six Hundred Eighteen) new ordinary shares by way of other than rights issued at a discounted rate of PKR 2.51/- (Pakistani Rupees Two and Fifty-One Paisas) per share to acquire at least 51% (Fifty-One Percent) voting shares and controlling interest of the Bank in accordance with the provisions of the Companies Act 2017, Securities Act, 2015, the PSX Rule Book and the Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeovers) Regulations, 2017. This transaction was recorded in the Share Subscription Agreement executed between the Acquirer and the Bank dated October 4, 2021 (**"Share Subscription Agreement"**).

After the Board of Directors of the Bank (the **"Board"**) deliberated the letter received by the Bank on December 12, 2022, by the Acquirer (the same letter was disclosed by the Bank to the Pakistan Stock Exchange), the Board in the Board Meeting approved the amendment to the Share Subscription Agreement to reflect that the Acquirer shall now subscribe to 3,984,063,745 (Three Billion Nine Hundred Eighty-Four Million Sixty-Three Thousand Seven Hundred Forty-Five) new ordinary shares of the Bank by way of other than rights at the unchanged subscription price of PKR 2.51/- (Pakistani Rupees Two and Fifty-One Paisas) ("**Capital Injection**"), subject to applicable corporate and regulatory approvals, to become the majority shareholder and acquire management control of the Bank immediately subsequent to completion of the process of the subscription process in the Bank. In this regard, an Amendment Agreement to the Share Subscription Agreement, has been executed between the Acquirer and the Bank (**"Amendment Agreement"**) to give effect to the terms of the Capital Injection. The shares to be issued to the Acquirer pursuant to the Capital Injection shall rank *pari passu* with the existing ordinary shares of the Bank.

The details of issue of shares by way of other than rights are as follows:

(a). the quantum of the issue of shares is to the extent of 3,984,063,745 (Three Billion Nine Hundred Eighty-Four Million Sixty-Three Thousand Seven Hundred Forty-Five) new ordinary shares of the Bank by way of other than rights issue;

(b). the new shares shall be issued at the unchanged discounted price of PKR 2.51 (Rupees Two and Fifty-One Paisas Only) per share;

(c). the consideration for the issue of new shares shall be cash; and

(d). the new ordinary shares shall be issued to the Acquirer.

The justification for the issuance of shares at a discount is as follows:

(a). the strategic value of the Capital Injection by the Acquirer is for achieving financial viability of the Bank;

(b). to give a positive signal to the banking sector / market from such investment; and

(c). to inject substantial equity aiming to assist the Bank in achieving its growth plans.

Once the proposed special resolution is passed by the shareholders of the Bank, the special resolution(s) passed earlier by the shareholders of the Bank in the 14th (Adjourned) Annual General Meeting of the Bank held on November 11, 2021 shall stand revised.

**Interest of Directors**

The Directors of the Bank have no direct or indirect interest in the Special Resolution(s), except and to the extent of their shareholding in the Bank.

**Inspection of Documents**

The copies of the Memorandum and Articles of Association of the Bank and the minutes of the last Extraordinary General Meeting may be inspected / procured free of cost during the business hours on any working day from the Registered Office / Head Office of the Bank from the date of publication of the accompanying notice till the conclusion of the EOGM of the Bank.

## خصوصی امور سے متعلق کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 134 (3) کے تحت مادی حقیقت کا بیان

### لائحہ عمل نمبر 2

سمٹ بینک لمیٹڈ("**بینک**") کے ادا شدہ سرمائے میں اضافہ کرنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے قبل ازیں ،عزت مآب جناب ناصر عبداللہ حسین لوتاہ ("**حصول کنندہ**")نے کمپنیز ایکٹ 2017ء، سیکیورٹیز ایکٹ، 2015ء، پی ایس ایکس رول بک کی شرائط اور فہرستی کمپنیز (ووٹنگ شیئر کے خاطر خواہ حصول اور ٹیک اوور) ریگولیشنز، 2017ء کی دفعات کے مطابق کم از کم 51% (اکیاون فیصد) ووٹنگ شیئرز حاصل کرنے اور بینک کی دلچسپی کو کنٹرول کرنے کے لیے پہلے جاری کردہ رائٹس کے علاوہ 5,976,095,618(پانچ ارب ستانوے کروڑ ساٹھ لاکھ پچانوے ہزار چھ سو اٹھارہ) نئے عام شیئرز سبسکرائب کر کے بینک میں تازہ ایکویٹی کے ادخال کے لیے اپنے ارادے سے آگاہ کیا تھا۔ 4 اکتوبر 2021ء کو کو حصول کنندہ اور بینک کے درمیان طے پانے والے شیئر سبسکرپشن کے معاہدے میں اس لین دین کو درج کیا گیا تھا۔("**شیئر سبسکرپشن ایگریمنٹ**")

بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز ("**بورڈ**") نے 12 دسمبر 2022ء کو حصول کنندہ کی جانب سے بینک کو موصول ہونے والے مراسلے (یہی مراسلہ بینک نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر بھی ظاہر کیا تھا) پر غور کرنے کے بعد، بورڈ میٹنگ میں شیئر سبسکرپشن کے معاہدے میں ترمیم کی منظوری دی تاکہ اس امر کی عکاسی کی جاسکے کہ حصول کنندہ اب 3,984,063,745(تین ارب اٹھانوے کروڑ چالیس لاکھ تریسٹھ ہزار سات سو پینتالیس) نئے عام(آرڈنری) شیئرز سبسکرائب کرے گا؛ جو رائٹس کے علاوہ اور جس کے لیے سبسکرپشن کی قیمت -/2.51 روپے (پاکستانی دو روپے اور اکیاون پیسے) فی شیئر ("**سرمائے کا ادخال**") غیر تبدیل شدہ ہوگی اور جو مطلوبہ کارپوریٹ اور ضوابطی منظوری کے ساتھ مشروط ہیں، جو حصول کنندہ کو اکثریتی شیئر ہولڈر بننے اور بینک کا انتظامی کنٹرول حاصل کرنے کے قابل بناتی ہیں۔ اس سلسلے میں، بینک اور حصول کنندہ شیئر سبسکرپشن ایگریمنٹ میں ایک ترمیمی معاہدے ("**ترمیمی معاہدے**") کو عمل میں لائے ہیں تاکہ سرمائے کے ادخال کی شق نافذ العمل کی جاسکے۔ حصول کنندہ کی جانب سے سرمائے کے ادخال کے بعد جو شیئرز جاری کیے جائیں گے ان کی درجہ بندی بینک کے موجودہ عام شیئرز کے مساوی *(pari passu)* ہوگی۔

رائٹس کے علاوہ شیئرز کے اجرا کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

(الف) شیئرز کے اجرا کی مقدار بینک کے 3,984,063,745 (تین ارب اٹھانوے کروڑ چالیس لاکھ تریسٹھ ہزار سات سو پینتالیس) نئے عام(آرڈنری) شیئرز علاوہ رائٹس ہے۔

(ب) نئے شیئرز -/2.51 روپے(صرف دو روپے اکیاون پیسے) فی شیئر کی غیر تبدیل شدہ رعایتی قیمت پر جاری کیے جائیں گے۔

(ج) نئے شیئرز کے نقد اجرا پر غور کیا جائے گا؛اور

(د) نئے عام شیئرز حصول کنندہ کو جاری کیے جائیں گے۔

رعایت پر شیئرز کے اجرا کی وجہ حسب ذیل ہے:

(الف) حصول کنندہ کی جانب سے ادخالِ سرمایہ کی اسٹریٹجک قدر بینک کی مالی عمل داری کو حاصل کرنے کے لیے ہے؛

(ب) اس سرمایہ کاری سے بینکاری شعبے/مارکیٹ کو مثبت اشارہ دینا؛ اور

(ج) خاطر خواہ ایکویٹی کا ادخال ، جس کا مقصد بینک کی نمو کے منصوبوں کے حصول میں معاونت ہے۔

مجوزہ خصوصی قرارداد شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور ہو جانے کے بعد، 11 نومبر 2021ء کو منعقدہ بینک کے چودھویں التواء شدہ سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے قبل ازیں پاس کی گئی قراردادیں ترمیم شدہ سمجھی جائیں گی۔

### ڈائریکٹرز کی دلچسپی

بینک کے ڈائریکٹرز کو خصوصی قرارداد میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے، ماسوا بینک میں ان کی شیئر ہولڈنگ کی حد تک۔

### دستاویزات کا معائنہ

بینک کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور گذشتہ سالانہ اجلاسِ عام کی تفصیلات کی نقول کا معائنہ/مفت وصولی اس نوٹس کے ہمراہ تاریخِ اشاعت سے بینک کے غیر معمولی اجلاسِ عام کے اختتام تک بینک کے رجسٹرڈ آفس/ہیڈ آفس سے کسی بھی یومِ کار پر کاروباری اوقات کے دوران ممکن ہے ۔

## پراکسیز کی تقرری کے لیے:

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط (" CDC **ضوابط**") کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں ،درج بالا تقاضے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

iii. پراکسی فارم کے ساتھ استفادہ کنندہ(beneficial owners) اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل یا پاسپورٹ پیش کیا جائے گا۔

iv. پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

v. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختارنامہ دستخط کے نمونے کے ساتھ بینک کے پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائے گی۔

9. غیر معمولی اجلاسِ عام کے نوٹس کے ساتھ اراکین کو ایک پراکسی فارم الگ الگ ، انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں، بھیجا جا رہا ہے۔

10. کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 134 کے مطابق، بینک کے ادا شدہ سرمائے میں 10فیصد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے کسی ایک شہر میں مقیم اراکین، بینک سے مطالبہ کر سکتے ہیں کہ وہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے انھیں ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے۔

11. کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 72 کے مطابق، جیسا کہ مذکور ہے اور ایس ای سی پی کی طرف سے مطلع کیا گیا ہے کہ اس ایکٹ کے آغاز کی تاریخ یعنی 30 مئی 2017ء سے چار سال کی کم مدت کے اندراندرہر موجودہ فہرستی کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں منتقل کروالیں ۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھولیں یا سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس(scrip less) شکل میں رکھیں، یہ انھیں محفوظ تحویل اور شیئرز کی ، جب بھی وہ چاہیں، فروخت سمیت کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

12. وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے منافع منقسمہ / فزیکل شیئرز کو وصول نہیں کر سکے انھیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں تاکہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ یا شیئرز ، اگر کوئی ہیں،کے بارے میں معلوم کرسکیں۔ کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 244 کی تعمیل میں مقررہ طریقہ کار کو مکمل کرنے کے بعد، مقررہ تاریخ سے تین (3) سال یا اس سے زیادہ کی مدت کے لیے بقایا تمام منافع منقسمہ وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کروادیے جائیں گے اور شیئرز کی صورت میں، ایس ای سی پی کو منتقل کردیے جائیں گے۔

13. غیر معمولی اجلاسِ عام کے نوٹس کی نقول اور بینک کے تازہ ترین سالانہ آڈٹ شدہ/سہ ماہی مالی گوشواروں کو بینک کے رجسٹرڈ آفس میں رکھا گیا ہے، جنھیں ارکان اور دیگر افراد جو اجلاس میں شرکت کے حق دار ہیں،اشاعت کی تاریخ سے لے کر غیر معمولی اجلاسِ عام کے اختتام تک کسی بھی یومِ کار پر کاروباری اوقات کے دوران حاصل اور/یا معائنہ کرسکتے ہیں۔ غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع اور تازہ ترین سالانہ آڈٹ شدہ/سہ ماہی مالی بیانات کو بینک کی ویب سائٹ: www.summitbank.com.pk پر بھی اپ لوڈ کردیا گیا ہے۔

14. کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 223 کے مطابق، کسی کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کو بذریعہ ڈاک یا برقی طور پر اس کے ارکان تک پہنچایا جا سکتا ہے۔

تاہم، وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں انھیں بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب 'معیاری درخواست فارم' کو پُر کرنا ہوگا اور دیے گئے پتے پر ہمیں بھیجنا ہوگا۔

**نوٹس:**

1. بینک کے شیئرز کے ٹرانسفر کے کھاتے مؤرخہ 02 جنوری 2023ء تا 09 جنوری 2023ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گے۔ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے مقصد سے 30 دسمبر 2022ء کے یومِ کار کے اختتام سے قبل جو ٹرانسفرز ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، C- 32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر II، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی پر موصول ہوں گے انھیں اجلاس میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2. اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رکن دوسرے رکن کو اپنی طرف سے شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ کوئی کارپوریشن ایک رکن ہونے کے ناتے اپنے کسی اہلکار یا کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتی ہے خواہ وہ بینک کا رکن ہو یا کوئی اور۔

3. پراکسی کا کوئی آلہ اور مختارنامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں یا نوٹرائزڈ ہیں، ایسے مختارنامہ کی مجاز نقل بمہر، دستخط بمع گواہی بینک کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، C- 32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر II، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی کے پاس اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے جمع ہونے چاہیے۔

4. اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر مطلع کریں۔

5. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی ہدایات کے مطابق، تمام شیئر ہولڈرز کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ("CNIC") نمبر کا بینک میں اندراج کریں۔ جن ارکان نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کی نقول رجسٹرار کو جمع نہیں کرائی ہیں ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز (CNIC) کی ایک مجاز مصدقہ نقل ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کرائیں۔

6. وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (" CDC ") میں جمع ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ غیر معمولی اجلاسِ عام کے موقع پر شناخت میں مدد کے لیے اپنا اصل شناختی کارڈ بمع شرکت کا شناختی نمبر (participant ID number) اور سی ڈی سی میں اپنے اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لے کر آئیں۔ پراکسی کی صورت میں، پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل، اکاؤنٹ اور شرکت کا شناختی نمبر ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرنا ضروری ہے۔ کارپوریٹ ارکان کے لیے پراکسی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیوشن/مختارنامہ جس میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے ہوں گے اجلاس کے وقت پیش کیے جائیں گے، بشرطیکہ یہ شیئر رجسٹرار کو پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں۔

7. شیئر ہولڈرز کی پرچی (فزیکل اسکرپ) کے حامل شیئرز ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پوسٹل ایڈریس اور/یا ای میل ایڈریس میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مطلع کریں، جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنے سی ڈی سی شراکتی/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کریں۔

8. کمپنیز ایکٹ، 2017ء (" **کمپنیز ایکٹ** ") کے سیکشن 134 کے مطابق، پول (poll) پر ارکان اپنے ووٹ کا حق ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے یا پراکسی کے ذریعے یا پوسٹل بیلٹ (postal ballot) کے ذریعے استعمال کر سکتے ہیں۔ جیسا مذکور ہے اور وضع کردہ شرائط سے مشروط ہے۔

**اجلاس میں حاضری کے لیے:**

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ضوابط ("CDC **ضوابط**") کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں ، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرائے گا۔

ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیوشن / مختارنامہ جس میں نامزد شخص کے دستخط موجود ہوں گے اجلاس کے وقت پیش کیا جائے گا (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

Summit Bank

Committed to you

# سمٹ بینک لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سمٹ بینک لمیٹڈ ( **"بینک"** ) کے شیئر ہولڈرز ( **"شیئر ہولڈرز"** ) کے ایک غیر معمولی اجلاسِ عام (" **EOGM** ") کا انعقاد بروز پیر، مؤرخہ 09 جنوری 2023ء کو دوپہر 12:00 بجے سیرینا ہوٹل، اسلام آباد میں کیا جائے گا، جس میں درج ذیل امور پر بات چیت کی جائے گی:

## لائحہ عمل

**عمومی امور:**

1. 08 جون 2022ء کو منعقد کیے گئے بینک کے التواء شدہ غیر معمولی سالانہ اجلاسِ عام کی تفصیلات کی توثیق کرنا۔

**خصوصی امور:**

2. غور وخوض اور اگر مناسب ہو تو، ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر، مندرجہ ذیل قرارداد کی بطور خصوصی قرارداد منظوری کرنا:

**جیسا کہ** سمٹ بینک لمیٹڈ (" **بینک** ") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 13 دسمبر 2022ء کو منعقدہ اپنے اجلاس (" **بورڈ میٹنگ** ") میں ایک قرارداد منظور کی ہے، جس میں مؤرخہ 4 اکتوبر 2021ء کو عزت مآب جناب ناصر عبداللہ حسین لوتاہ (" **حصول کنندہ** " ) اور بینک کے مابین طے پائے جانے والے شیئر سبسکرپشن کے معاہدے (" **شیئر سبسکرپشن ایگریمنٹ** ") میں ترمیم کی منظوری دی گئی، جس کے مطابق بینک کے اکثریتی شیئر ہولڈنگ اور کنٹرول کے مجوزہ حصول کے لیے حصول کنندہ اب 3,984,063,745 (تین ارب اٹھانوے کروڑ چالیس لاکھ تریسٹھ ہزار سات سو پینتالیس) نئے عام (آرڈنری) شیئرز سبسکرائب کرے گا؛ جو رائٹس کے علاوہ اور جس کے لیے سبسکرپشن کی قیمت -/2.51 روپے ( پاکستانی دو روپے اور اکیاون پیسے) فی شیئر غیر تبدیل شدہ ہوگی اور جو مطلوبہ کارپوریٹ اور ضوابطی منظوری کے ساتھ مشروط ہیں، جو حصول کنندہ کو اکثریتی شیئر ہولڈر بننے اور بینک کا انتظامی کنٹرول حاصل کرنے کے قابل بناتی ہیں۔

اس سلسلے میں، شیئر سبسکرپشن کے معاہدے میں ترمیمی معاہدہ، حصول کنندہ اور بینک کے درمیان نافذ العمل ہو چکا ہے (" **ترمیمی معاہدہ** ")۔

**لہٰذا، اب، یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ** قبل ازیں 11 نومبر 2021ء کو منعقد کردہ چودھویں (التواء شدہ) سالانہ اجلاسِ عام میں بینک کے شیئر ہولڈرز (" **شیئر ہولڈرز** ") کی جانب سے منظور کی گئی خصوصی قرارداد ، جس کے تحت شیئر ہولڈرز شیئرز کے اجرا ، جس کے تحت حصول کنندہ اور بینک کے اقلیتی شیئر ہولڈرز کے ذریعے سبسکرائب کیے گئے رائٹس کے علاوہ شیئر ہولڈرز نے 2.51 روپے (صرف دو روپے اکیاون پیسے) فی شیئر کی رعایتی شرح کی منظوری دی تھی ، جس پر اب اس حد تک نظرِ ثانی کی جائے گی کہ حصول کنندہ اب بینک کے 3,984,063,745 (تین ارب اٹھانوے کروڑ چالیس لاکھ تریسٹھ ہزار سات سو پینتالیس) نئے عام (آرڈنری) شیئرز سبسکرائب کرے گا اور اکثریتی شیئر ہولڈر بن جائے گا اور فوری طور پر بینک کا انتظامی کنٹرول حاصل کر لے گا۔ شیئرز کی سبسکرپشن کے عمل کی تکمیل کے بعد، تمام قابلِ اطلاق کارپوریٹ اور ضوابطی منظوریوں (" **ادخالِ سرمایہ** ") کے ساتھ مشروط اور سرمائے کے ادخال کی عکاسی کرنے کے لیے ترمیمی معاہدے کے لحاظ سے شیئر سبسکرپشن کے معاہدے میں ترمیم کی جائے گی۔

**مزید فیصلہ کیا گیا کہ** صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر اور / یا بینک کے کمپنی سیکرٹری (" **مجاز دستخط کنندگان** ") ، نظرثانی شدہ لین دین کی تکمیل کے لیے تمام ضروری، ذیلی اور واقعاتی اقدامات کرنے کے لیے مشترکہ طور پر اور/یا یکے بعد دیگرے مجاز ہوں گے، جس میں تمام ادخالِ سرمایہ بشمول مطلوبہ ضوابطی منظوریوں کا حصول اور کسی بھی متعلقہ دستاویز کی تیاری، عمل درآمد اور فراہمی وغیرہ شامل ہیں، نیز، کوئی بھی آلات، معاہدے، خطوط، درخواستیں، منظوریاں، نوٹسز، سرٹیفکیٹس، اعترافات، رسیدیں، قراردادیں، اجازتیں، ہدایات، اجرا، چھوٹ، تقرریاں، جیسا کہ مجاز دستخط کنندگان کی رائے اور صوابدید کے مطابق ضروری، مطلوب ہو یا ادخالِ سرمایہ اور ترمیمی معاہدے کے مقصد کے لیے ضمناً درکار ہوں ۔

**دیگر امور:**

3. صدر نشین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

بمقام: کراچی

تاریخ: 19 دسمبر 2022ء

بحکم بورڈ

سید محمد طالب رضا

کمپنی سیکریٹری

Summit Bank
Committed to you

**FORM OF PROXY**

Extraordinary General Meeting
The Company Secretary
Summit Bank Limited
Summit Tower, Head Office
Level-11, Plot No. G-2, Block-2,
Clifton, Karachi.

I / We ________________________________s/o, d/o, w/o ______________________________________

being a / the member(s) of Summit Bank Limited holding _____________________ ordinary shares as per Register

Folio No./ CDC A/c No. ______________________________________________________ hereby appoint

**Mr./ Mrs./ Miss** ______________________________________________________________________ of

________________________________________________________________________________ (full

address) or failing him/her to **Mr./Mrs./ Miss** ______________________________________________ of (full

address) _______________________________________________________________________________ (being

member of the Bank) as my / our Proxy to attend, act and vote for me/us and on my/our behalf at the Extraordinary General Meeting of the Bank to be held on January 09, 2023 and /or any adjournment thereof

Signed this _________________________ day of _____________________________2022 / 2023

Witnesses:

1. Name : __________________________________
   Address : __________________________________
   CNIC No. : __________________________________
   Signature : __________________________________

2. Name : __________________________________
   Address : __________________________________
   CNIC No. : __________________________________
   Signature : __________________________________

Signature on
Rs. 5/-
Revenue Stamp

NOTICE:

(i)! A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another member as his / her proxy who shall have such rights as respect to attending, speaking and voting at the meeting as are available to a member.

(ii)! The account holders, sub-account holders, proxy or nominee shall authenticate his/her identity by showing his/her original national identity card (NIC) or original passport and bring his/her folio number at the time of attending the meeting.

(iii)! In the case of corporate entity Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall also be produced (unless provided earlier) at the time of meeting.

(iv)! In order to be effective, the proxy forms must be received at the office of our registrar M/s THK Associates (Private) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street No. II, D.H.A., Phase VII, Karachi not later than 48 hours before the meeting duly signed and stamped and witnessed by two persons with their names, addresses and NIC numbers mentioned on the form.

(v)! In the case of individuals attested copies of NIC or passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

(vi)! In the case of proxy by a corporate entity, Board of Directors resolution/power of attorney with specimen signature and attested copies of the NIC or passport of the proxy shall be submitted along with proxy form.

Summit Bank
Committed to you

Fold Here

Summit Bank
Committed to you

Please affix
Correct
Postage

**REGISTRAR**
**M/s. THK Associates (Private) Limited**
Plot No. 32-C, Jami Commercial
Street No. II, D.H.A., Phase - VII,
Karachi.
Tel : 021-111-000-322 Ext: 107-111-115
Fax : 021-35310190
Email : secretariat@thk.com.pk
Website : www.thk.com.pk

Fold Here

Summit Bank
Committed to you

# پروکسی فارم

غیر معمولی اجلاسِ عام

جناب کمپنی سیکریٹری
گیارہویں منزل
سمٹ ٹاور (ہیڈ آفس)
پلاٹ نمبر ۲ ـ G، بلاک ـ۲،
کلفٹن، کراچی ـ

میں/ہم .................... از .................... سمٹ بینک لمیٹڈ کا ممبر (ز) ہونے کے ناطے .................... اعزازی شیئرز کا حامل بمطابق رجسٹر سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر .................... بذریعہ ہٰذا محترم/محترمہ .................... کا تقرّر کرتا ہوں جس کا مکمل پتہ .................... ہے یا اس کی عدم موجودگی میں محترم/محترمہ .................... جس کا مکمل پتہ .................... ہے، میں (بینک کا ممبر ہونے کے ناطے) بطور پروکسی تقرّری کرتا ہوں جسے میرے/ ہمارے جانب سے ۰۹ جنوری ۲۰۲۳ء کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام یا کسی التواء میں شرکت کرنے عمل کرنے اور میرے/ ہمارے جانب سے ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جائے۔

دستخط از .................... مورخہ .................... ۲۰۲۲ء / ۲۰۲۳ء

## گواہان:

1. نام: ....................
پتہ: ....................
کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر: ....................
دستخط: ....................

پانچ روپے کی مالیت کے
ڈاک ٹکٹ پر دستخط

2. نام: ....................
پتہ: ....................
کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر: ....................
دستخط: ....................

## اطلاع:

(i) ایک ممبر جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہو وہ کسی اور ممبر کو اپنا/ اپنی پروکسی مقرّر کر سکتا/ سکتی ہے جسے اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ ڈالنے کے اُتنے ہی اختیار حاصل ہوں گے جتنے ایک ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔

(ii) اکاؤنٹ ہولڈرز، سب اکاؤنٹ ہولڈرز، پروکسی یا نامزد کو اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھا کر اپنے/ اپنی شناخت کی تصدیق کروانی ہوگی اور اجاس میں شرکت کے وقت اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔

(iii) کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) بھی اجلاس کے وقت پیش کرنے ہوں گے۔

(iv) پروکسی فارم کے مؤثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ ہمارے رجسٹرار کے دفتر میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر ۳۲ـ سی، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر II، ڈی۔ ایچ۔ اے۔، فیز VII، کراچی۔ مناسب طور پر مہر لگی ہوئی، دستخط شدہ اور دو افراد کی گواہی کے ساتھ اجلاس سے زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹے قبل وصول ہو جائیں۔

(v) انفرادی صورت میں بینیفشل آنرز اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدّقہ نقول بھی پروکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گی۔

(vi) کاروباری ادارے کی صورت میں پروکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدّقہ نقل بھی جمع کروانی ہوگی۔

Summit Bank
Committed to you

Fold Here

Summit Bank
Committed to you

Please affix
Correct
Postage

**REGISTRAR**
**M/s. THK Associates (Private) Limited**
Plot No. 32-C, Jami Commercial
Street No. II, D.H.A., Phase - VII,
Karachi.
Tel : 021-111-000-322 Ext: 107-111-115
Fax : 021-35310190
Email : secretariat@thk.com.pk
Website : www.thk.com.pk

Fold Here